रोल नं. | | | | | | | | |

मुद्रित पृष्ठों की संख्या : 7

**004** **204(HBC)**

# 2024

# उर्दू

# اردو

समय : 3 घण्टे] [पूर्णांक : 80

1 اس سوال نامے میں دیئے گئے سبھی سوالات کے جواب دینا لازمی ہیں۔

2 یہ سوال نامہ دو حصوں میں ہے۔ 'الف' اور 'ب'۔ جواب لکھتے وقت سوال کا نمبر صحیح ڈالیں۔

3 سوال کو دھیان سے پڑھ کر خوشخط رائٹنگ میں جواب لکھیں۔ کسی بھی حصہ میں اپنا نام نہ لکھیں۔

4 سوال نامہ حل کرنے میں صرف نیلی روشنائی والا قلم استعمال کریں۔

## ''حصّہ الف''

سوال نمبر: 1 درج ذیل عبارت کو پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب دیجئے: 8

اس دنیا میں ہزاروں ملک ہیں۔ ایک سے بڑھ کر ایک چھوٹے بڑے، گرم، سرد، امیر، غریب۔ ہر طرح کے ملک۔ لیکن دنیا کے نقشے پر شیر کی طرح سر اٹھائے، مضبوط ستون کی طرح مستحکم، سورج کی طرح چمک دار، چاند کی طرح روشن بس ایک ہی ملک نظر آتا ہے ہندوستان۔ تین طرف سے سمندروں سے گھیرا۔ گہرے سمند سے لہریں اٹھ کر اس کے کناروں پر اپنا سر پٹختی ہیں۔ لیکن اس کی بلندی تک نہیں پہنچتیں اور مایوس ہو کر لوٹ جاتی ہیں۔ فطرت نے اسے اپنا حسن عطا کیا ہے۔ برف سے ڈھکا ہمالیہ پہاڑ اس کی شان کو

بڑھاتا ہے اور اس کی خوبصورتی میں اضافہ کرتا ہے۔ شمال میں ایک سرے سے دوسرے سرے تلک پھیلا صاف شفاف ٹھنڈا ہمالیہ پہاڑ۔ جسے اقبال نے،

فصیل ہندوستان کہا ہے

اس کی گود میں کئی ندیاں، گنگا، جمنا، مربدا، تاپتی، مہاندی کرشنا کاویری وغیرہ کھیلتی ہیں۔ اس دیس کی سرزمین پر ہرے بھرے کھیت، سرسوں، سورج مکھی کی زردی تو کہیں ٹیسو کی سرجی اور کہیں گیہوں اور دھان کے سنہرے کھیت وغیرہ کیرل کے تاڑ، ناریل، کاجو، قہوے کے باغ باغیچے ست پڑا کے گھنے جنگل کشمیر کا زعفران کی کیاریاں آسام میں چائے کے باغات۔ ان سب نے ملک کی خوب صورتی اور حسن میں چار چاند لگا دیے ہیں۔

سوالات:-

(i) اس اقتباس کا عنوان تجویز کریئے؟

(ii) مصنف نے ہندوستان کے نقشہ کو کس سے مثال دی ہے؟

(iii) ''فطرت نے اسے اپنا حسن عطا کیا ہے''۔ اس کا کیا مطلب ہے۔ واضح کریں؟

(iv) رشک جناں کن ندیوں کی وجہ سے بنا ہے۔ 4 ندیوں کے نام لکھئے؟

(v) زعفران کی کیاریاں کہاں ہیں؟

(vi) آسام کس وجہ سے مشہور ہے؟

سوال نمبر 2. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم سے کم تین سو 300 لفظوں میں مضمون لکھیے: 8

(i) انٹرنیٹ اور اس کے فائدے اور نقصانات

(ii) کتابوں کے مطالعہ کی اہمیت

(iii) آپ کا پسندیدہ تہوار

(iv) کھیل اور اس کے فائدے

سوال نمبر 3. ضمیر کی تعریف بیان کریئے۔ مع مثال کے اور اس کی قسمیں بھی لکھیں؟ 4

سوال نمبر A4. حسن تعلیل اور استعارے کی تعریف مع مثال کے لکھیں؟ 4

سوال نمبر B4. تلمیح کی تعریف بیان کرتے ہوئے دو شعر مثال کے طور میں لکھئے؟ 4

سوال نمبر 5. مندرجہ ذیل محاوروں کے معنی لکھیں۔ کسی چار کے اور جملہ بھی بنائیں: 4

(i) ناچ نہ آئے آنگن ٹیڑھا

(ii) پانی پانی ہونا

(iii) آنکھوں میں دھول جھونکنا

(iv) بھیگی بلّی بننا

(v) پھولا نہ سمانا

(vi) آگ ببولا ہونا

(vii) جلے میں نمک چھڑکنا

(viii) آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل

"حصہ ب"

سوال نمبر 6. درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھئے۔ کسی 3 کے: 7

(i) داستان کا فن بیانیہ ہوتا ہے۔ اپنے خیالات مختصر ظاہر کریں؟

(ii) ناول کی تعریف بیان کیجئے اور دو ناول نگار مصنفین کے نام لکھئے؟

(iii) ڈرامہ بنیادی طور پر اسٹیج کا فن ہے۔ ڈرامہ لکھنے کا مقصد کیا ہے؟

(iv) انشائیہ نثری ادب کی ایک اہم صنف ہے۔آپ کے خیال میں؟

(v) دو مضمون نگار اور دو افسانہ نگار حضرات کے نام لکھئے؟

سوال نمبر 7. مندرجہ ذیل اقتباس کا مطلب لکھئے مع مصنف اور سبق کے نام کے ساتھ: 3

صبح کا وقت تھا، میں چائے پینے لگا، اور گھر والی سے کہا کہ ایک انتہا سے زیادہ قابل رحم فقیر آیا ہے۔ اسے دو چار دے دو، اور صبح کا وقت ہے، دو توس اور ایک پیالی چائے دے دو۔

جتنی مشٹنڈے فقیرون سے مجھے نفرت ہے۔ اس سے دوگنی نفرت میری بیوی کو ہے۔ اور اسی مناسبت سے ان فقیرون یعنی محتاجوں سے الفت ہے۔ جو واقعی رحم و کرم کے مستحق ہیں خانم نے فقیروں کا نام لے کر جلدی جلدی دو گرم توس کو انگیٹھی پر سینک کر خوب مکھن لگایا، اور ایک پیالی میں خوب بہت سا دودھ ڈال کر چائے بنا دی۔ اور مزید برآں کچھ مٹھائی بھی رکھ دی۔ اور سینی میں چار پیسے رکھ دیے۔ اور لڑکے سے کہا فقیر کو صدر دروازہ سے اندر یعنی برآمدے میں بیٹھا کر کھلا دے۔

یا

درجہ ذیل اقتباس کو دھیان سے پڑھ کر پوچھے گئے سوالات کے جواب دیجئے:

کچہریوں سے لے کر کالج تک بس یہی کوئی دو فرلانگ لمبی سڑک ہوگی۔ ہر روز مجھے اسی سڑک پر سے گزرنا ہوتا ہے۔ کبھی پیدل، کبھی سائیکل پر۔ سڑک کے دو رویہ شیشم کے سوکھے سوکھے اداس سے درخت کھڑے ہیں۔ ان میں نہ حسن ہے نہ چھاؤں، سخت کھردرے تنے اور ٹہنیوں پر گدھوں کے جھنڈ، سڑک صاف سیدھی اور سخت ہے۔ متواتر نو سال سے میں اس پر چل رہا ہوں، نہ اس میں کبھی کوئی گڑھا دیکھا ہے، نہ شگاف، سخت پتھروں کو کوٹ کوٹ کر یہ سڑک تیار کی گئی ہے۔ اور اب اس پر کول تار بھی بچھی ہے۔ جس کی عجیب سی بو گرمیوں میں طبیعت کو پریشان کر دیتی ہے۔

سوالات:-

(i) سڑک کتنی لمبی ہے؟

(ii) سوکھے اور اداس درخت کہاں کھڑے ہیں؟

(iii) کتنے سال سے مصنف اس سڑک پر چل رہا ہے؟

سوال نمبر.8 ان سوالات کے جواب لکھئے۔ کنہی تین کے: 6

(i) برہما نے انّ دیوتا کو کیا سندیس دیا؟

(ii) تانگے والے کو گورے نے کیوں مارا؟

(iii) گاؤں پہنچنے سے پہلے وحید کی کیا کیفیت تھی؟

(iv) سلطان کو رپو خالہ کا باہر جانے پر ٹوکنا کیوں برا لگا؟

(v) افسانہ نگار ہوٹل مین کس کا منتظر تھا اور کیوں؟

سوال نمبر.9 مندرجہ ذیل اقتباس میں سے کسی ایک اقتباس کا مطلب مع سیاق وسباق کے ساتھ لکھئے: 6

خدا سے حسن نے اک روز یہ سوال کیا
جہان میں کیوں نہ مجھے تو نے لا زوال کیا
ملا جواب کہ تصویر خانہ ہے دنیا
شب دراز عدم کا فسانہ ہے دنیا
وہی ہے رنگ تغیر سے جو نمود اس کی
وہی حسین ہے حقیقت زوال ہے جس کی

یا

سر میں شوق کا سودا دیکھا
دہلی کو ہم نے بھی جا دیکھا

جو کچھ دیکھا اچھا دیکھا
کیا بتلائیں کیا کیا دیکھا

یا

آلام روز گار کو آساں بنا دیا
جو غم ہوا اسے غم جاناں بنا دیا

یا

دنیا میری بلا جانے، مہنگی ہے یا سستی ہے
موت ملے تو مفت نہ لوں، ہستی کی کیا ہستی ہے

سوال نمبر.10 مندرجہ ذیل شعراء میں سے کسی ایک شاعر کی حالات زندگی پر روشنی ڈالئے اور ان کی ادبی خدمات کو بیان کیجئے: 4

الف۔چکبست ب۔سودا ث۔اقبال

سوال نمبر.11 مندرجہ ذیل میں سے کسی دو پر مختصر نوٹ لکھئے: 6

الف۔ اکبرالہ آبادی کی نظم گوئی

ب۔ انیس کی مرثیہ نگاری

ت۔ نظم اور غزل کا موازنہ

سوال نمبر.12 مندرجہ ذیل سوالات کے جواب ایک لائین میں لکھئے: 5

(i) مصرع کی تعریف بیان کیجئے

(ii) وہ لفظ جو یکساں آواز اور یکساں حروف/حرف پر ختم ہوتے ہیں۔انھیں کہتے ہیں؟

(iii) ردیف کس کو کہتے ہیں

(iv) علم بیان کی تعریف لکھئے

(v) تشبیہ کی تعریف مع مثال کے لکھئے

سوال نمبر.13 سوانح نگاری کی تعریف بیان کریئے؟ 3

سوال نمبر.14 مثنوی کی تعریف مع مثال کے لکھئے؟ 4

یا

رباعی اور قطعہ کے ایک ایک شعر لکھئے؟

سوال نمبر.15 اردو زبان کس طرح وجود میں آئی۔ تفصیل سے روشنی ڈالئے؟ 4

یا

بدیسی الفاظ شامل ہونے سے دیسی زبان پر کیا اثر پڑتا ہے؟